اَلۡعَلَق

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِقۡرَاۡ بِاسۡمِ رَبِّكَ الَّذِىۡ خَلَقَ‌ۚ ﴿۱﴾	پڑھو (اے نبی ﷺ) نام لے کر اپنے رب کا جس نے پیدا کیا۔
خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ مِنۡ عَلَقٍ‌ۚ ﴿۲﴾	پیدا کیا انسان کو خون کی پھٹکی سے۔
اِقۡرَاۡ وَرَبُّكَ الۡاَكۡرَمُۙ ﴿۳﴾	پڑھو اور تمہارا رب بڑا کریم ہے۔
الَّذِىۡ عَلَّمَ بِالۡقَلَمِۙ ﴿۴﴾	جس نے علم سکھایا قلم کے ذریعے سے۔
عَلَّمَ الۡاِنۡسَانَ مَا لَمۡ يَعۡلَمۡؕ ﴿۵﴾	سکھایا انسان کو جو نہیں جانتا تھا وہ۔
كَلَّاۤ اِنَّ الۡاِنۡسَانَ لَيَطۡغٰٓىۙ ﴿۶﴾	ہرگز نہیں بیشک انسان سرکش ہو جاتا ہے۔
اَنۡ رَّاٰهُ اسۡتَغۡنٰىؕ ﴿۷﴾	(اس بناء پر) کہ وہ دیکھتا ہے خود کو بے نیاز۔

اِنَّ اِلٰی رَبِّكَ الرُّجْعٰی ؕ﴿۸﴾	بیشک تیرے رب ہی کی طرف لوٹنا ہے۔
اَرَءَيۡتَ الَّذِىۡ يَنۡهٰى ؕ﴿۹﴾	کیا تم نے دیکھا اس شخص کو جو منع کرتا ہے۔
عَبۡدًا اِذَا صَلّٰى ؕ﴿۱۰﴾	ایک بندہ کہ جب وہ نماز پڑھنے لگتا ہے۔
اَرَءَيۡتَ اِنۡ كَانَ عَلَى الۡهُدٰٓى ۙ﴿۱۱﴾	کیا تم نے دیکھا اگر یہ ہوا راہ راست پر۔
اَوۡ اَمَرَ بِالتَّقۡوٰى ؕ﴿۱۲﴾	یا حکم کرے پرہیزگاری کا۔
اَرَءَيۡتَ اِنۡ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ؕ﴿۱۳﴾	کیا تم نے دیکھا اگر اس نے جھٹلایا اور منہ موڑا۔
اَلَمۡ يَعۡلَمۡ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى ؕ﴿۱۴﴾	کیا نہیں معلوم اسکو کہ اللہ دیکھ رہا ہے۔
كَلَّا لَـئِنۡ لَّمۡ يَنۡتَهِ ۙ لَنَسۡفَعًۢا بِالنَّاصِيَةِ ۙ﴿۱۵﴾	ہرگز نہیں اگر نہیں وہ باز آئے گا تو ہم اسکو گھسیٹ لیں گے پیشانی کے بل۔
نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ۚ﴿۱۶﴾	پیشانی جو جھوٹی ہے خطا کار ہے۔
فَلۡيَدۡعُ نَادِيَهٗ ۙ﴿۱۷﴾	پس بلا لے وہ اپنے حامیوں کو۔

سَنَدۡعُ الزَّبَانِیَةَ ۙ﴿۱۸﴾	ہم بھی بلائیں گے دوزخ کے فرشتوں کو۔
كَلَّا ؕ لَا تُطِعۡهُ وَاسۡجُدۡ وَاقۡتَرِبۡ ۩﴿۱۹﴾ ع	ہرگز نہیں۔نہ کہا ماننا اسکا اور سجدہ کرنا اور (اللہ کا) قرب حاصل کرتے رہنا۔(آیت سجدہ)